## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 13th January, 2026 at 11:00 a.m.

1. *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

2. **SYED NAVEED QAMAR** **DR. SHARMILA FARUQUI**
**MR. ABDUL QADIR PATEL** **SYED RAFIULLAH**
**MIR GHULAM ALI TALPUR** to invite attention of the Minister for Planning, Development and Special Initiatives to a matter of urgent public importance regarding federal takeover of the Rs. 465 billion Lahore-Bahawalnagar motorway project in violation of federal fiscal dues and diversion of resources from nationally strategic projects, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

3. **DR. SHARMILA FARUQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000 [The National Database and Registration Authority (Amendment) Bill, 2025].

4. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

5. **MS. SEHAR KAMRAN**
**SHAZIA MARRI** to move for leave to introduce a Bill further to provide for environmentally sound management of lifecycle of batteries, prevent environmental pollution, protect public health, and promote a circular economy [The ICT Batteries (Management and Recycling) Bill, 2025].

6. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

7. **MR. TAHIR IQBAL** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Co-operative Societies Act, 1925 [The Co-operative Societies (Amendment) Bill, 2025].

8. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

### PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

9. **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

10. **MALIK MUHAMMAD AAMIR DOGAR,** Chairman Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

11. **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI,** Chairperson Standing Committee on Human Rights, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

12. **MS. MUNAZA HASSAN,** Chairperson Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

13. **SYED ABDUL QADIR GILANI,** Chairman Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**M O T I O N**

14. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Shazia Marri, MNA).

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

15. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2025].

**M O T I O N**

16. **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Dr. Nafisa Shah, MNA).

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

17. **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025].

**M O T I O N**

18. **DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO,** Acting Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide for the establishment of Allied Institute at Multan [The Allied Institute, Multan Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Khawaja Izhar Ul Hassan, MNA).

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

19. **DR. SHAZIA SOBIA ASLAM SOOMRO,** Acting Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the establishment of Allied Institute at Multan [The Allied Institute, Multan Bill, 2025].

**RESOLUTION**

20. **SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to investigate the off-loading of documented passengers at various airports and recommend the administrative reforms to ensure transparency, accountability, and the protection of passenger rights, while improving communication so that all off-loading decisions are lawful and properly documented."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

21. Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

22. **MR. MUHAMMAD RIAZ FATYANA** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding wanton tree cutting in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**12th January, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۳ جنوری، ۲۰۲۶ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۲۔ **سید نوید قمر** **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** **جناب عبدالقادر پٹیل** **سید رفیع اللہ**

**میر غلام علی تالپور** وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو وفاقی مالی واجبات کی خلاف ورزی اور قومی تزویراتی منصوبوں سے وسائل کی منتقلی کے ذریعے ۴۶۵/ارب روپے کے لاہور۔بہاولنگر موٹروے منصوبے کو وفاقی تحویل میں لینے سے متعلق ہے۔

**بلوں کا پیش کرنا**

۳۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۵۔ **محترمہ سحر کامران** **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ بیٹریوں کے قابل استعمال رہنے کی مدت کے دوران ان کے ماحول دوست انتظام، ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام، صحت عامہ کے تحفظ اور ایک گردشی معیشت کو فروغ دینے کے لئے مزید احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بیٹریاں (انتظام اور دوبارہ کارآمد بنانے) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **جناب طاہر اقبال** تحریک پیش کریں گے کہ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

**قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا**

۹۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **ملک محمد عامر ڈوگر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۲۔ **محترمہ منزہ حسن**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۳۔ **سید عبدالقادر گیلانی**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

**تحریک**

۱۴۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب شازیہ مری، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۱۶۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحاصل تحریک پیش کریں گے کہ منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کی بابت احکام وضع کرنے کے بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔(پیش کردہ منجانب ڈاکٹر نفیسہ شاہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۷۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحاصل، منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کی بابت احکام وضع کرنے کے بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۱۸۔ **ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گی کہ ملتان میں الائیڈ انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [الائیڈ انسٹیٹیوٹ ملتان بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔(پیش کردہ منجانب خواجہ اظہارالحسن، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۹۔ **ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت، ملتان میں الائیڈ انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [الائیڈ انسٹیٹیوٹ ملتان بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گی۔

## قرارداد

۲۰۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت مختلف ہوائی اڈوں پر دستاویزات کے حامل مسافروں کو سفر کی اجازت نہ دینے کی تحقیقات کیلئے فوری اقدامات کرے اور مواصلاتی نظام کو بہتر بناتے ہوئے شفافیت، جوابدہی اور مسافروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے انتظامی اصلاحات کی سفارش کرے تاکہ سفر کی اجازت نہ دینے سے متعلق تمام فیصلوں کو قانونی اور باقاعدہ دستاویزی شکل دی جاسکے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۱۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۲۔ **جناب محمد ریاض فتیانہ** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد میں درختوں کی بے دریغ کٹائی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۲ جنوری، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**